PDF Compressor Free Version


# تربیتی نصاب
حصہ دوم

## برائے مستورات

١ نورانی قاعدہ/حفظ سورۃ مع ترجمہ و تفسیر ٢ ایمانیات

٣ عبادات ٤ احادیث و مسنون دعائیں ٥ اخلاق و آداب

پر مشتمل مختصر اور آسان نصاب



جمع و ترتیب

علمائے کرام مکتب تعلیم القرآن الکریم

PDF Compressor Free Version

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

ٹریڈ مارک # 432681 / 432684

کتاب کا نام : تربیتی نصاب (حصہ دوم) برائے مستورات

تاریخ اشاعت : مئی 2020

ڈیزائننگ و کمپوزنگ : عبید اشفاق، راشد خورشید

ناشر : مکتب تعلیم القرآن الکریم

ایڈیشن : 6000/01

## ملنے کے پتے

مکتب تعلیم القرآن الکریم زیر انتظام: ٹیچر ڈیویلپمنٹ اینڈ ویلفیئر سوسائٹی

D-4، الہلال کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، بالمقابل پرانی سبزی منڈی، یونیورسٹی روڈ، کراچی۔

ای میل: maktab2006@hotmail.com

مدرسہ بیت العلم

ST-9E بلاک نمبر 8، گلشن اقبال، عقب مسجد بیت المکرم کراچی

فون: +92-21-34976073 فیکس: +92-21-34976339

مکتبہ بیت العلم اردو بازار کراچی۔ فون: 021-32726509

تربیتی نصاب پڑھانے کی معلومات کے لیے رابطہ نمبر

کراچی: 0333-3204104 سندھ: 0335-1223448

لاہور: 0321-4066762 پنجاب: 0300-2298536

بلوچستان: 0335-3222906 خیبر پختونخواہ: 0323-2163507

کتاب کی خریداری کے لیے رابطہ نمبر: 0331-3259464, 0332-2154190

اوقات: صبح 8:00 بجے تا 5:00 بجے شام (علاوہ اتوار)

www.maktab.com.pk

PDF Compressor Free Version



# تربیتی نصاب حصہ دوم کا اجمالی خاکہ

| | | |
|---|---|---|
| قرآن کریم | ناظرہ قرآن کریم | عَمَّ پارہ |
| | حفظ سورۃ مع ترجمہ و تفسیر | سُوْرَةُ الضُّحٰى تا سُوْرَةُ الْهُمَزَة۔ |
| ایمانیات | عقائد | ایمان کی علامتیں ۔ کافروں اور منافقوں کی عادتیں ۔ اللہ تعالیٰ پر یقین ۔ اسمائے حسنیٰ<br>سنت اور بدعت ۔ صحابہ کرام و صحابیات رضی اللہ عنہم اجمعین ۔ ولی ۔ کفر و شرک<br>نیکی اور گناہ ۔ قبر کے حالات ۔ میدان محشر ۔ حوض کوثر ۔ پل صراط ۔ جنت ۔ جہنم |
| عبادات | طہارت | نجاست کا بیان ۔ تیمم کا بیان ۔ موزوں پر مسح کرنا۔ |
| | اصطلاحات | شریعت کی اصطلاحیں۔ |
| | ارکان اسلام اعتکاف قربانی | نفل نمازوں کا بیان ۔ نماز میں دل لگانے کا طریقہ ۔ نماز کے متفرق مسائل<br>روزہ ۔ اعتکاف ۔ صدقہ فطر ۔ زکوٰۃ ۔ قربانی ۔ حج کے فضائل و مسائل<br>نکاح ۔ لڑکے کا انتخاب ۔ طلاق ۔ عدت ۔ قسم ۔ منت |
| احادیث | ۲۰ احادیث مع ترجمہ و تشریح | • اسلام، ہجرت اور حج کی فضیلت • عقیدۂ ختم نبوت • پابندی اور مستقل مزاجی<br>• اسلامی بھائی چارگی • دنیا میں رہنے کا طریقہ • ہوشیاری اور بیدار مغزی<br>• بدعت کی برائی • کامیاب انسان • چچا کی عظمت • سخت عذاب کا مستحق<br>• حقیقی مالداری • رحم دلی • جھگڑے کی برائی • نرمی و مہربانی<br>• دوسروں کے کام آنا • بغض و حسد کی برائی • پڑوسی کے حقوق • صدقہ خیرات<br>• قبروں پر سجدے کی ممانعت • انجام کی اہمیت |

PDF Compressor Free Version



| | | |
|---|---|---|
| مسنون دعائیں | ۱۴ مسنون دعائیں | جب صبح ہو تو یہ دعا مانگیں ● جب شام ہو تو یہ دعا مانگیں<br>جب نیا چاند دیکھیں تو یہ دعا مانگیں ● سواری پر سوار ہونے کی دعا<br>ہدایت و تقویٰ مانگنے کی دعا ● جب کسی کو رخصت کرنے لگیں تو یہ دعا مانگیں<br>اچھے اخلاق کی دعا ● گھر میں داخل ہونے کی دعا<br>جب بازار جائیں تو یہ دعا مانگیں ● غمی اور پریشانی کے وقت کی دعا<br>زہریلے جانور سے حفاظت کی دعا ● نفاق اور بری عادتوں سے پناہ مانگنے کی دعا<br>جب کوئی مصیبت پہنچے یا نقصان ہو جائے تو یہ دعا مانگیں ● جامع دعا |
| اخلاقیات | اخلاق و آداب | ملاقات کے آداب ۔ مجلس کے آداب ۔ مہمان نوازی کی اہمیت<br>میزبان کے لیے آداب ۔ مہمان کے لیے آداب ۔ سفر کے آداب<br>راستے کے آداب ۔ بیماری اور علاج کے آداب ۔ عیادت کے آداب<br>تعزیت ۔ ماں باپ کا گھر ۔ سسرال میں رہنا ۔ خوش گوار ازدواجی زندگی<br>حقوق العباد ۔ رشتے داروں کے حقوق ۔ پڑوسیوں کے حقوق<br>جانوروں کے ساتھ حسن سلوک ۔ فضول خرچی ۔ قناعت<br>حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا زہد ۔ وقت کی قدر کریں ۔ موبائل فون کا استعمال<br>بالوں کے متفرق مسائل ۔ ہاتھ پاؤں کے ناخن کے احکام<br>مسلمان عورت رات دن کیسے گزارے ۔ استغفار و توبہ<br>میت کے چار حقوق ۔ قرض کی ادائیگی ۔ سود ۔ غصب |

PDF Compressor Free Version



# فہرست مضامین


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| 1 | مقدمہ | 8 |
| 2 | تربیتی نصاب کی خصوصیات | 10 |
| 3 | نصاب پڑھانے کا طریقہ | 11 |
| 4 | تعلیمی دن | 11 |
| 5 | نظام الاوقات | 12 |
| | **قرآن کریم** | |
| 1 | قرآن کریم کا نصاب | 14 |
| 2 | سورۃ الضحیٰ | 14 |
| 3 | سورۃ الم نشرح | 16 |
| 4 | سورۃ التین | 17 |
| 5 | سورۃ العلق | 19 |
| 6 | سورۃ القدر | 21 |
| 7 | سورۃ البینہ | 22 |
| 8 | سورۃ الزلزال | 24 |
| 9 | سورۃ العٰدیٰت | 25 |
| 10 | سورۃ القارعۃ | 26 |
| 11 | سورۃ التکاثر | 27 |
| 12 | سورۃ العصر | 28 |
| 13 | سورۃ الھمزۃ | 29 |

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| | **ایمانیات** | |
| 1 | ایمان کی علامتیں | 30 |
| 2 | کافروں اور منافقوں کی عادتیں | 32 |
| 3 | اللہ تعالیٰ پر یقین | 34 |
| 4 | اسمائے حسنیٰ | 36 |
| 5 | سنت اور بدعت | 39 |
| 6 | صحابہ وصحابیات رضی اللہ عنھم اجمعین | 44 |
| 7 | ولی | 46 |
| 8 | کفر وشرک | 47 |
| 9 | نیکی اور گناہ | 49 |
| 10 | قبر کے حالات | 52 |
| 11 | میدان محشر | 55 |
| 12 | حوض کوثر | 58 |
| 13 | پل صراط | 59 |
| 14 | جنت | 61 |
| 15 | جنت کے درجات | 63 |
| 16 | جہنم | 66 |

PDF Compressor Free Version

# فہرست


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| | **عبادات** | |
| 1 | نجاست کا بیان | 69 |
| 2 | نجاست غلیظہ | 69 |
| 3 | نجاست خفیفہ | 70 |
| 4 | کن پانی سے وضو اور غسل درست ہے | 72 |
| 5 | تیمم کا بیان | 73 |
| 6 | موزوں پر مسح کرنا | 75 |
| 7 | شریعت کی اصطلاحیں | 78 |
| 8 | نفل نمازوں کا بیان | 81 |
| 9 | نماز میں دل لگانے کا طریقہ | 90 |
| 10 | نماز کے متفرق مسائل | 91 |
| 11 | روزہ | 93 |
| 12 | وہ چیزیں جن سے روزہ مکروہ نہیں ہوتا | 94 |
| 13 | روزے کے مفسدات | 95 |
| 14 | اعتکاف | 96 |
| 15 | صدقۂ فطر | 97 |
| 16 | زکوٰۃ | 99 |
| 17 | زکوٰۃ کے مسائل | 101 |
| 18 | قربانی | 102 |
| 19 | حج کے فضائل و مسائل | 105 |
| 20 | حج کے فرائض | 106 |
| 21 | حج کے واجبات | 107 |
| 22 | نکاح | 108 |
| 23 | لڑکے کا انتخاب | 109 |
| 24 | طلاق | 111 |
| 25 | عدت | 113 |
| 26 | قسم | 114 |
| 27 | منت | 116 |
| | **احادیث** | |
| 1 | اسلام ہجرت اور حج کی فضیلت | 120 |
| 2 | عقیدۂ ختم نبوت | 121 |
| 3 | پابندی و مستقل مزاجی | 122 |
| 4 | اسلامی بھائی چارگی | 123 |
| 5 | دنیا میں رہنے کا طریقہ | 124 |
| 6 | ہوشیاری اور بیدار مغزی | 125 |
| 7 | بدعت کی برائی | 126 |
| 8 | کامیاب انسان | 127 |
| 9 | چچا کی عظمت | 128 |

PDF Compressor Free Version

# فہرست


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| 10 | سخت عذاب کا مستحق | 129 |
| 11 | حقیقی مال داری | 130 |
| 12 | رحم دلی | 131 |
| 13 | جھگڑے کی برائی | 132 |
| 14 | نرمی و مہربانی | 132 |
| 15 | دوسروں کے کام آنا | 133 |
| 16 | بغض و حسد کی برائی | 134 |
| 17 | پڑوسی کے حقوق | 135 |
| 18 | صدقہ خیرات | 136 |
| 19 | قبروں پر سجدے کی ممانعت | 138 |
| 20 | انجام کی اہمیت | 138 |

## مسنون اذکار و دعائیں

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| 1 | جب صبح ہو تو یہ دعا مانگیں | 143 |
| 2 | جب شام ہو تو یہ دعا مانگیں | 143 |
| 3 | جب نیا چاند دیکھیں تو یہ دعا مانگیں | 143 |
| 4 | سواری پر سوار ہونے کی دعا | 144 |
| 5 | ہدایت و تقویٰ مانگنے کی دعا | 145 |
| 6 | جب کسی کو رخصت کرنے لگیں تو یہ دعا دیں | 145 |
| 7 | اچھے اخلاق کی دعا | 146 |
| 8 | گھر میں داخل ہونے کی دعا | 146 |
| 9 | جب بازار جائیں تو یہ دعا مانگیں | 147 |
| 10 | غمی اور پریشانی کے وقت کی دعا | 147 |
| 11 | زہریلے جانور سے حفاظت کی دعا | 148 |
| 12 | نفاق اور بری عادتوں سے پناہ مانگنے کی دعا | 149 |
| 13 | جب کوئی مصیبت پہنچے یا نقصان ہو جائے تو یہ دعا مانگیں | 149 |
| 14 | جامع دعا | 150 |

## اخلاق و آداب

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| 1 | ملاقات کے آداب | 152 |
| 2 | مجلس کے آداب | 153 |
| 3 | مہمان نوازی کی اہمیت | 156 |
| 4 | میزبان کے لیے آداب | 156 |
| 5 | مہمان کے لیے آداب | 157 |
| 6 | سفر کے آداب | 159 |
| 7 | راستے کے آداب | 162 |
| 8 | بیماری اور علاج کے آداب | 163 |

PDF Compressor Free Version

# فہرست


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| 9 | بیمار کی عیادت | 163 |
| 10 | عیادت کے آداب | 164 |
| 11 | تعزیت | 165 |
| 12 | ماں باپ کا گھر | 166 |
| 13 | سسرال میں رہنا | 167 |
| 14 | خوش گوار ازدواجی زندگی | 169 |
| 15 | حقوق العباد | 172 |
| 16 | رشتے داروں کے حقوق | 172 |
| 17 | پڑوسیوں کے حقوق | 175 |
| 18 | جانوروں کے ساتھ حُسنِ سلوک | 178 |
| 19 | فضول خرچی | 179 |
| 20 | قناعت | 181 |
| 21 | حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا زُہد | 182 |
| 22 | وقت کی قدر کریں | 183 |
| 23 | موبائل فون کا استعمال | 185 |
| 24 | بالوں کے متفرق مسائل | 186 |
| 25 | ہاتھ پاؤں کے ناخن کے احکام | 187 |
| 26 | مسلمان عورت رات دن کیسے گزارے؟ | 188 |
| 27 | استغفار و توبہ | 190 |
| 28 | میت کے چار حقوق | 195 |
| 29 | قرض کی ادائیگی | 200 |
| 30 | قرض کا معاملہ بڑا سنگین اور اس کے بارے میں سخت وعیدیں | 201 |
| 31 | قرض لینے اور ادا کرنے کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا طرزِ عمل | 204 |
| 32 | سود | 205 |
| 33 | غصب (کسی دوسرے کی چیز ناحق لے لینا) | 209 |
| * | نماز کی ڈائری پُر کرنے کا طریقہ | 212 |
| * | نماز کی ڈائری | 213 |

PDF Compressor Free Version



# نظام الاوقات

## پہلی ترتیب:

ہفتے میں پڑھائی کے چار دن اپنی سہولت سے متعین کرلیں اور دورانیہ ایک گھنٹہ ہو۔اس ترتیب پر نظام الاوقات یہ ہے:

| پہلے دن پڑھایا جائے | | دوسرے دن پڑھایا جائے | |
|---|---|---|---|
| قرآن کریم | ۳۰ رمنٹ | قرآن کریم | ۳۰ رمنٹ |
| ایمانیات | ۱۵ رمنٹ | احادیث و مسنون دعائیں | ۱۵ رمنٹ |
| عبادات | ۱۵ رمنٹ | اخلاق و آداب | ۱۵ رمنٹ |

## دوسری ترتیب:

ہفتے میں پڑھائی کے دو دن بروز ہفتہ اور اتوار متعین کرلیں اور دورانیہ دو گھنٹے ہو۔اس ترتیب پر نظام الاوقات یہ ہے:

| بروز ہفتہ | | بروز اتوار | |
|---|---|---|---|
| قرآن کریم | ۶۰ رمنٹ | قرآن کریم | ۶۰ رمنٹ |
| ایمانیات | ۳۰ رمنٹ | احادیث و مسنون دعائیں | ۳۰ رمنٹ |
| عبادات | ۳۰ رمنٹ | اخلاق و آداب | ۳۰ رمنٹ |

PDF Compressor Free Version



# سُوْرَةُ الْقَدْرِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ ۝۱ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۝۲ لَيْلَةُ
الْقَدْرِ ۙ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ۝۳ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا
بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ۚ مِنْ كُلِّ اَمْرٍ ۝۴ سَلٰمٌ ۛ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۝۵

ترجمہ: بے شک ہم نے اس (قرآن) کو شب قدر میں نازل کیا ہے۔[(۱)] ۝۱
اور تمھیں کیا معلوم کہ شب قدر کیا چیز ہے؟ ۝۲ شب قدر ایک ہزار مہینوں سے بھی بہتر
ہے۔[(۲)] ۝۳ اس میں فرشتے اور روح اپنے پروردگار کی اجازت سے ہر کام کے لیے
اترتے ہیں،[(۳)] ۝۴ وہ رات سراپا سلامتی ہے فجر کے طلوع ہونے تک۔ ۝۵

---

(۱) اس کا ایک مطلب تو یہ ہے کہ پورا قرآن لوح محفوظ سے اس رات میں اتارا گیا، پھر حضرت جبرئیل علیہ السلام اسے تھوڑا تھوڑا کر کے تیئیس سال تک آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل کرتے رہے۔
دوسرا مطلب یہ ہے کہ آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر قرآن کریم کا نزول سب سے پہلے شب قدر میں شروع ہوا۔ شب قدر رمضان کے آخری عشرے کی طاق راتوں میں سے کسی رات میں ہوتی ہے، یعنی اکیسویں، تیئیسویں، پچیسویں، ستائیسویں یا انتیسویں رات میں۔

(۲) یعنی اس ایک رات میں عبادت کرنے کا ثواب ایک ہزار مہینوں میں عبادت کرنے سے بھی زیادہ ہے۔

(۳) اس رات میں فرشتوں کے اترنے کے دو مقصد ہوتے ہیں۔ ایک یہ کہ اس رات جو لوگ عبادت میں مشغول ہوتے ہیں، فرشتے ان کے حق میں رحمت کی دعا کرتے ہیں اور دوسرا مقصد آیت کریمہ میں یہ بتایا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس رات میں سال بھر کے تقدیر کے فیصلے فرشتوں کے حوالے فرما دیتے ہیں، تا کہ وہ اپنے اپنے وقت پر ان کی تعمیل کرتے رہیں۔ "ہر کام کے لیے اترنے" کا یہی مطلب مفسرین نے بیان فرمایا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| سُوْرَةُ الْعَلَقِ اور سُوْرَةُ الْقَدْرِ پانچ دن میں پڑھائیں | دستخط معلمہ | |

PDF Compressor Free Version



## ۳ حسن اخلاق:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''اِنَّ مِنْ اَكْمَلِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِيْمَانًا اَحْسَنَهُمْ خُلُقًا۔''

ترجمہ: ''بے شک کامل ایمان والا وہ ہے جس کے اخلاق سب سے اچھے ہوں۔''

## ۴ نرمی:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا مبارک ارشاد ہے:

''اَلْمُؤْمِنُوْنَ هَيِّنُوْنَ لَيِّنُوْنَ۔''

ترجمہ: ''ایمان والے اللہ تعالیٰ کا بہت حکم ماننے والے اور انتہائی نرم طبیعت ہوتے ہیں۔''

## ۵ سادگی:

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ نے ایک دن آپ کے سامنے دنیا کا ذکر کیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''اَلَا تَسْمَعُوْنَ؟ اَلَا تَسْمَعُوْنَ؟ اِنَّ الْبَذَاذَةَ مِنَ الْاِيْمَانِ، اِنَّ الْبَذَاذَةَ مِنَ الْاِيْمَانِ۔''

ترجمہ: ''غور سے سنو، دھیان دو، یقیناً سادگی ایمان کا حصہ ہے یقیناً سادگی ایمان کا حصہ ہے۔''

روزانہ محاسبہ کریں اور اپنے اندر ایمان والیوں کی خوبیاں پیدا کرنے کی پکی نیت کریں۔

---

- جامع الترمذی، الایمان، باب فی استکمال الایمان والزیادۃ، الرقم: ۲۶۱۲
- مشکوٰۃ المصابیح، الرقم: ۵۰۸۶
- سنن ابی داؤد، الترجل، باب النھی عن کثیر من الارفاہ، الرقم: ۴۱۶۱

PDF Compressor Free Version



# سبق:۵ نماز میں دل لگانے کا طریقہ

نماز شروع کرنے سے پہلے یہ کام کریں:

- اذان کے وقت اپنے کام کاج چھوڑ دیں اور نماز کی تیاری میں مصروف ہو جائیں۔
- توجہ سے اذان سنیں اور اس کا جواب دیں۔
- موبائل فون بند کر دیں۔

## نماز اس طرح پڑھیں:

☆ جب نماز شروع کریں تو نماز میں کوئی عمل بغیر ارادہ کے نہ ہو، بل کہ تمام اعمال ارادے، سوچ اور دھیان سے کریں۔ جب نماز کے لیے کھڑی ہونے لگیں تو یہ خیال کریں کہ جس طرح میں نے اپنے جسم کا رخ خانۂ کعبہ کی طرف کر لیا، اسی طرح اپنے دل کا رخ پوری یکسوئی کے ساتھ اللہ تعالیٰ ہی کی طرف کر لیا ہے۔

☆ یہ خیال کر کے نماز شروع کرنے کے لیے "اَللّٰهُ اَكْبَرُ" کہیں، "اَللّٰهُ اَكْبَرُ" کہتے ہوئے یہ سوچنا چاہیے کہ میں "اَللّٰهُ اَكْبَرُ" کہہ رہی ہوں۔

☆ پھر اللہ تعالیٰ کے ہونے کا یقین کرتے ہوئے یہ سوچیں کہ میں "سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ" پڑھ رہی ہوں، پھر سوچیں "وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ" پڑھ رہی ہوں، اسی طرح ہر ہر لفظ پر دھیان دیں۔ پھر سورۂ فاتحہ اور سورت میں اسی طرح کریں پھر رکوع میں، اسی طرح رکوع کی تسبیحات سوچ سوچ کر کہیں۔

☆ پھر رکوع سے اٹھتے ہوئے، سجدے اور تشہد غرض سلام تک زبان سے جو الفاظ بولیں پوری توجہ اور دھیان اسی طرف رکھیں کہ میں کیا پڑھ رہی ہوں۔ پوری نماز میں اسی طرح کرنے سے اِنْ شَآءَ اللّٰهُ کسی طرف دھیان نہیں بٹے گا اور پھر تھوڑے دنوں میں نماز میں آسانی سے جی لگنے لگے گا اور مزہ آئے گا۔

---

ماخوذ از بہشتی زیور، ص ۴۸۵

## سبق: ۴ ۱۳ جھگڑے کی برائی

**قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:**

**"اَبْغَضُ الرِّجَالِ اِلَى اللّٰهِ الْاَلَدُّ الْخَصِمُ۔"** [1]

**ترجمہ:** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ ناپسندیدہ شخص جھگڑالو ہے۔"

**تشریح:** ذرا سی بات پر جھگڑتے رہنا انسانی شرافت کے خلاف ہے، یہ تو جانوروں کی عادت ہوا کرتی ہے کہ وہ ایک ایک نوالے پر ایک دوسرے سے لڑتے جھگڑتے ہیں، ہمیں اپنی عادتوں کا جائزہ لے کر دیکھنا چاہیے کہ ہمارے اندر تو یہ بری عادت نہیں ہے کہ جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کی محبت و رحمت سے بھی دوری ہو جاتی ہے۔

## ۱۴ نرمی و مہربانی

**قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:**

**"مَنْ يُّحْرَمُ الرِّفْقَ يُحْرَمُ الْخَيْرَ۔"** [2]

**ترجمہ:** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"جو نرمی سے محروم کر دیا گیا وہ بھلائی سے محروم کر دیا گیا۔"

**تشریح:** بعض خواتین ذرا ذرا سی بات پر بھڑک اٹھتی ہیں اور ہر بات میں سختی، زبردستی اور سخت مزاجی کا مظاہرہ کرتی رہتی ہیں، ایسی عورتیں اپنے اس غلط طرزِ عمل کی وجہ سے بھلائی کا کامل درجہ حاصل نہیں کر سکتیں۔

☆ نرمی سے گفتگو کرنا اور ماتحتوں کے ساتھ شفقت والا سلوک کرنا، بہت سی خوبیوں کا ذریعہ ہوتا ہے۔ گھر بار اور دیگر معاملات میں بھی جو نرم مزاج ہوتی ہے وہی کامیاب رہتی ہے، بدمزاجی اور بات بات پر الجھنے والی پوری طرح کامیاب نہیں ہوتی، اس لیے سخت مزاجی سے پرہیز کرنا چاہیے۔

---

[1] صحیح البخاری، التفسیر، باب وھو الد الخصام، الرقم: ۴۵۲۳

[2] صحیح المسلم، البر، باب فضل الرفق، الرقم: ۶۵۹۸

PDF Compressor Free Version



# ۱۰ جامع دعا

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت سی دعائیں مانگیں، جن میں سے ہم سب دعائیں یاد نہیں کر سکے (اس خیال سے) ہم نے عرض کیا:

''اے اللہ کے رسول! آپ نے بہت سی دعائیں مانگیں جن میں سے ہم سب دعائیں یاد نہیں کر سکے۔''

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''کیا میں تمہیں وہ دعا نہ بتاؤں جو ان سب دعاؤں کو جمع کر دے؟ تم یوں دعا مانگو:

''اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْاَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا سَاَلَكَ مِنْهُ نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَ مِنْهُ نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَعَلَيْكَ الْبَلَاغُ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ۔''●

ترجمہ: ''اے اللہ! ہم آپ سے وہ تمام بھلائیاں مانگتے ہیں جو آپ سے آپ کے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے مانگیں اور ان تمام برائیوں سے پناہ چاہتے ہیں جن سے آپ کے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے پناہ چاہی اور تو ہی وہ ذات ہے جس سے مدد مانگی جاتی ہے اور تو ہی دعا قبول کرنے والا ہے۔ اور نہیں ہے گناہوں سے بچنے کی طاقت مگر اللہ تعالیٰ کی حفاظت سے اور نہیں ہے نیکی کی قوت مگر اللہ تعالیٰ کی مدد سے۔''

---

● جامع الترمذی، الدعوات، باب دعاء اللھم انا نسألك، الرقم: ۳۵۲۱

| سبق: ۱۰ | یہ سبق پانچ دن میں پڑھائیں | دستخط معلمہ | |
|---|---|---|---|

# مہمان نوازی کی اہمیت

☆ اسلام میں مسلمانوں کو مہمان کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنے کی تعلیم دی گئی ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"جو اللہ تعالیٰ اور آخرت پر ایمان رکھتا ہو، اس کو چاہیے کہ اپنے مہمان کا اکرام کرے۔"●

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"جس نے نماز قائم کی، زکوٰۃ ادا کی، حج کیا، رمضان المبارک کے روزے رکھے اور مہمان کا اکرام کیا وہ جنت میں داخل ہوگا۔"●

☆ اس لیے ہمیں چاہیے کہ ہم اپنے مہمانوں کے کھانے پینے اور راحت و آرام کا خیال رکھیں، تاکہ اللہ تعالیٰ ہم سے خوش ہو جائیں۔

# میزبان کے لیے آداب

☆ مہمان کا استقبال کرنا۔●

☆ مہمان کی عزت کریں، گنجائش ہو تو پہلے دن اسے اچھا کھانا کھلائیں۔●

☆ مہمان سے مسکرا کر ملیں۔

☆ خود مہمان کی خدمت کریں۔●

☆ کھانے پینے کی چیز مہمان کے پاس ڈھانک کر بھیجیں۔

☆ میزبان مہمان پر مسلط ہو کر نہ بیٹھے، بل کہ اس کو آزاد چھوڑ دے کہ جس طرح چاہے کھائے، بعض خواتین و لڑکیاں مہمانوں کو دیکھتی ہیں کہ کس طرح کھا رہے ہیں، کیا کھا رہے ہیں، اس سے مہمان کو تکلیف ہوتی ہے۔

---

● صحیح البخاری، الادب، باب اکرام الضیف، الرقم: ٦١٣٥ ● شعب الایمان للبیہقی، الرقم: ٧، ٩١٣، ١٢ / ٤٢٢ ● صحیح البخاری المناقب، باب علامات النبوۃ فی الاسلام، الرقم: ٣٦٢٣

● الجامع لشعب الایمان للبیہقی، الرقم: ٩١٨٦ ● صحیح البخاری، الادب، باب اکرام الضیف وخدمتہ ایاہ بنفسہ... رقم الباب: ٨٥

# بیماری اور علاج کے آداب

☆ جب بیمار ہوں تو سنت کی نیت سے علاج کروائیں کیوں کہ علاج سنت ہے۔ [1]

☆ بیماری میں پرہیز کریں۔ [2] ☆ شریعت کے خلاف تعویذ، ٹوٹکا ہرگز استعمال نہ کریں۔ [3]

☆ جن بیماریوں سے دوسروں کو نفرت ہوتی ہے جیسے: خارش وغیرہ، ایسے بیمار کو چاہیے کہ خود ہی سب سے الگ رہے، تاکہ کسی کو تکلیف نہ ہو۔ [4]

☆ حرام چیزوں کو دوا کے طور پر استعمال نہ کریں۔ [5]

☆ بیماری میں چالیس مرتبہ یہ آیت پڑھے:

"لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ۔" [6]

ترجمہ: "(یا اللہ!) تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو ہر عیب سے پاک ہے، بے شک میں قصوروار ہوں۔"

فضیلت: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے بیماری میں چالیس مرتبہ یہ آیت پڑھ لی اور اس بیماری میں انتقال ہو گیا تو شہید کا اجر پائے گا اور اگر تندرست ہو جائے اس کے تمام گناہ بخش دیے جائیں گے۔

# بیمار کی عیادت

عیادت: کسی بیمار کی خبر گیری، تیمارداری اور اس کے علاج معالجے کی فکر کرنے کو "عیادت" کہتے ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمان کے دوسرے مسلمان پر پانچ حقوق ہیں:

1. سلام کا جواب دینا۔
2. اس کی عیادت کرنا۔
3. اگر وہ مرجائے تو اس کے جنازے کے ساتھ جانا۔
4. اس کی دعوت قبول کرنا۔
5. چھینک آنے پر "اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ" کہے تو جواب میں "يَرْحَمُكَ اللّٰهُ" کہنا۔ [7]

---

[1] سنن ابی داؤد، الطب، باب الرجل یتداوی، الرقم: ۳۸۵۵ [2] سنن ابی داؤد، الطب، باب فی الحمیۃ: ۳۸۵۶ [3] سنن ابی داؤد، الطب، باب فی تعلیق التمائم: ۳۸۸۳
[4] آداب المعاشرت، ص: ۲۴۲ [5] سنن ابی داؤد، الطب، باب فی الادویۃ المکروهۃ: ۳۸۷۴
[6] مستدرک حاکم، الدعاء والتکبیر والتهلیل، الرقم: ۱۸۶۵ [7] صحیح البخاری، الجنائز، باب الامر باتباع الجنائز، الرقم: ۱۲۴۰

PDF Compressor Free Version



## سبق:۲ مسلمان عورت رات دن کیسے گزارے؟

- ضرورت کے موافق دین کا علم حاصل کرے چاہے کتاب پڑھ کر ہو یا علمائے کرام سے پردہ کی حالت میں پوچھ پوچھ کر۔
- ہر قسم کے گناہ سے بچیں۔
- اگر کوئی گناہ ہو جائے تو فوراً توبہ کریں۔
- کسی کا حق اپنے ذمے نہ رکھیں، کسی کو زبان سے یا ہاتھ سے تکلیف نہ دیں، کبھی کسی کی برائی نہ کریں،
- مال کی محبت اور نام ونمود کی خواہش نہ رکھیں، نہ ہی بہت عمدہ کھانے اور اچھے کپڑوں کی فکر میں رہیں۔
- اگر کوئی غلطی پر ٹوکے اور واقعتاً وہ غلطی ہوئی ہو تو اپنی غلطی مان لیں۔
- بغیر سخت ضرورت کے سفر نہ کریں اس لیے کہ سفر میں بہت سی باتیں بے احتیاطی کی ہوتی ہیں، بہت سے نیک کام چھوٹ جاتے ہیں، وظیفوں میں خلل پڑ جاتا ہے، وقت پر کوئی کام نہیں ہوتا۔
- زیادہ نہ ہنسیں، بہت زیادہ نہ بولیں، خاص کر نامحرم مرد سے بے تکلفی کی باتیں نہ کریں۔
- کسی سے لڑائی جھگڑا، بحث ومباحثہ نہ کریں۔
- شریعت کی ہر وقت پابندی کریں۔
- عبادت میں سستی نہ کریں۔
- زیادہ وقت اللہ تعالیٰ کی یاد میں گزاریں۔
- جب اپنی سہیلیوں سے ملاقات ہو تو ان سے تواضع اور عاجزی سے ملیں اور ان کے سامنے اپنی بڑائی نہ جتلائیں۔
- بے دین خواتین سے دور بھاگیں۔

PDF Compressor Free Version

# مکتب تعلیم القرآن الکریم کی مطبوعات

قرآن کریم | پنج پارہ | پنج پارہ | عم پارہ | نورانی قاعدہ | نورانی قاعدہ بورڈ پر پڑھانے کا طریقہ



## تربیتی نصاب برائے مکاتب قرآنیہ (ناظرہ)



تربیتی نصاب (مستورات) | تربیتی نصاب (بالغان) | تربیتی نصاب برائے مدارس حفظ



راہنمائے اساتذہ | تربیتی نصاب برائے اسکول | مونٹیسوری (جونیئر لیول) | تربیتی نصاب برائے اسکول | معیاری مکتب کے راہنما اصول



**تربیتی نصاب** حصہ دوم برائے مستورات

قیمت =/200 روپے